پاکستان شاہینز کی روحیل نذیر کی قیادت میں آسٹریلیا روانگی۔

- ٹی ٹوئنٹی سیریز کے علاوہ دو ون ڈے میچ بھی کھیلے گی

لاہور 26 جولائی، 2023:

روحیل نذیر کی قیادت میں پاکستان شاہینز بدھ کی علی الصبح آسٹریلیا روانہ ہوگئی جہاں وہ ٹاپ اینڈ ٹی ٹوئنٹی سیریز کے علاوہ پچاس اوورز کے دو ون ڈے میچ بھی کھیلے گی۔

ان میچوں کا 30 جولائی سے 9 اگست تک انعقاد ڈارون میں ناردرن ٹیریٹری کرکٹ (این ٹی سی) نے کیا ہے۔

چھ ٹیموں کی اس ٹی ٹوئنٹی سیریز میں پاکستان شاہینز کے علاوہ آسٹریلین کیپٹل ٹیریٹری کی اے سی ٹی کامیٹس۔ میلبرن اسٹارز۔ میلبرن رینی گیڈز۔ پاپوانیوگنی اور این ٹی اسٹرائیک کی ٹیمیں حصہ لیں گی جس میں دو ٹاپ ٹیمیں فائنل میں جگہ بنائیں گی۔

پاکستان شاہینز ان ٹی ٹوئنٹی میچوں کے علاوہ پاپوانیوگنی اور این ٹی اسٹرائیک کے خلاف 8 اور 9 اگست کو پچاس اوورز کے دو ون ڈے میچز بھی کھیلے گی۔

21سالہ روحیل نذیر ماضی میں دسمبر 2020 میں پاکستان شاہینز کے دورۂ نیوزی لینڈ میں بھی قیادت کر چکے ہیں۔ وہ زمبابوے کے گزشتہ دورے میں بھی پاکستان شاہینز کا حصہ تھے جس نے دو چار روزہ اور چھ ون ڈے میچ کھیلے تھے۔

روحیل نذیر 2018 اور 2020 کے انڈر 19 ورلڈ کپ میں بھی پاکستان انڈر 19 ٹیم کی نمائندگی کر چکے ہیں۔ انہیں چار ایسے کھلاڑیوں کی خدمات بھی حاصل ہوں گی جو اس سے قبل انڈر 19 ورلڈ کپ کھیل چکے ہیں ان میں احمد خان (2022) علی اسفند (2022) عرفان خان (2020 اور 2022) اور ذیشان ضمیر (2022) شامل ہیں۔

ان چار کھلاڑیوں کے علاوہ عامر حسن۔ عرفات منہاس۔ آزان اویس۔ سجاد علی۔ شامل حسین اور وہاج ریاض اس سال پاکستان انڈر 19 کے ساتھ بنگلہ دیش کا دورہ کر چکے ہیں۔

روحیل نذیر جو ایمرجنگ ایشیا کپ میں پاکستان شاہینز کے ریزرو کھلاڑیوں میں شامل تھے پی سی بی ڈیجیٹل سے بات کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ان کی طرف سے ایمرجنگ ایشیا کپ جیتنے والی پاکستان شاہینز کو مبارکباد۔ لاہور میں منعقدہ کیمپ میں تمام کھلاڑیوں نے بہت محنت کی تھی جس کا نتیجہ سب کے سامنے ہے۔

روحیل نذیر کا کہنا ہے کہ پاکستان شاہینز کی قیادت ان کے لیے بہت بڑا موقع ہے۔ وہ ماضی میں بھی پاکستان شاہینز کی کپتانی اور نمائندگی کر چکے ہیں۔ وہ آسٹریلیا میں ٹیم کی قیادت پرُ پر جوش ہیں جہاں وہ اس سے قبل بھی کھیل چکے ہیں۔ وہ اس ٹیم کے متعدد کھلاڑیوں کے ساتھ پہلے بھی کھیل چکے ہیں جن میں سے چند ایک میرے شہر اسلام آباد سے تعلق رکھتے ہیں۔

روحیل نذیر کے مطابق ٹیم کے ہر کھلاڑی کے لیے آسٹریلیا میں کھیلنا ایک بڑا موقع ہے اور اس طرح کے ٹورنامنٹس سے انہیں بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملے گا۔ خود ان کے لیے یہ موقع ہے کہ وہ پرفارم کر کے اس سال آسٹریلیا میں ہونے والی ٹیسٹ سیریز کے لیے پاکستانی ٹیم میں جگہ بنانے کی کوشش کریں۔

پاکستان شاہینز ان کھلاڑیوں پر مشتمل ہے۔ روحیل نذیر (کپتان) آلیان محمود۔ احمد خان۔ علی اسفند۔ عامر حسن۔ عرفات منہاس۔ آزان اویس۔ باسط علی۔ فیصل اکرم۔ سجاد علی۔ عرفان خان۔ شامل حسین۔ شاویز عرفان۔ ذیشان ضمیر اور وہاج ریاض۔

سپورٹ اسٹاف۔ محمد مسرور (ہیڈ کوچ، منیجر) حنیف ملک (بیٹنگ اور فیلڈنگ کوچ) عمر رشید (بولنگ کوچ) امتیاز خان (فزیو تھراپسٹ)۔

دورے کا شیڈول۔

30 جولائی۔ بمقابلہ این ٹی اسٹرائیک۔ (ٹی ٹوئنٹی)

31 جولائی۔ بمقابلہ اے سی ٹی کامیٹس (ٹی ٹوئنٹی)

یکم اگست۔ بمقابلہ میلبرن رینی گیڈز (ٹی ٹوئنٹی)

2 اگست۔ بمقابلہ میلبرن اسٹارز (ٹی ٹوئنٹی)

4 اگست۔ بمقابلہ پاپوانیو گنی (ٹی ٹوئنٹی)

6 اگست۔ فائنل۔

8 اگست بمقابلہ پاپوانیو گنی (پچاس اوورز)

9 اگست۔ این ٹی اسٹرائیک (پچاس اوورز)

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

pepsi | TCL | PARKVIEW CITY | TRANS GROUP

Pathway Cricket Programme

engro CRICKET COACHING PROJECT

Broadcast & Live Streaming Partners

WILLOW | sky sports | SuperSport | etisalat | FOX SPORTS | sky SPORT

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficia